۲۱	۲۹-۱-۸۷	اشفاق احمد اسسٹنٹ محکمہ زراعت کوئٹہ۔	ایک عدد ریوالور مع ۱۰۰ گولیاں

حاجی محمد شاہ مردان زئی (ضمنی سوال)

جناب والا! یہ لسٹ مکمل نہیں ہے۔ کیونکہ ہمارے ترو ب کے کسی آدمی کا اس میں

نام نہیں ہے اور ان کو اسلحہ نہیں دیا گیا ہے۔ اس لسٹ میں ہمارے علاقے کے نہ ایم پی اے حضرات ہیں اور نہ کوئی اور علاقے کا معتبر شامل ہے۔

وزیر اعلیٰ۔ جناب والا! یہ ممکن ہے کہ ژوب کے علاقے کے لوگوں کو پہلے کسی اور انتظامیہ سے اسلحہ دیا گیا ہو۔ جو ہمارے معزز ممبر صاحب کے علم میں نہ ہو یہ جو اسلحہ جات دیئے گئے ہیں۔ یہ مارشل لاء کے وقت میں مارشل لاء نے دیئے ہیں۔ اور آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔ کہ ژوب کے آدمیوں کو مارشل لاء نے اسلحہ کیوں نہیں دیا ہے۔

آغا عبدالظاہر (ضمنی سوال) جناب اسپیکر اس سوال کے جواب کے نمبر شمار ۱۰۷ میں درج ہے کہ مولانا عبداللہؒ خلجی کو ۳۰۳ بور رائفل کی پانچسو گولیاں بغیر قیمت کس خوشی میں دی گئی ہیں۔ ؟

وزیر اعلیٰ۔ جناب والا! مولانا صاحب ملک کے ایک عالم دین ہیں یہ گولیاں بھی انہیں مارشل لاء کے وقت میں دی گئی تھیں۔ میرے خیال میں یہ گولیاں انہیں مفت میں نہیں دی گئی ہوں گی۔ ضرور پرائس کمیٹی نے ان سے کچھ نہ کچھ قیمت وصول کی ہوگی

آغا عبدالظاہر۔ جناب والا! یہ جواب آپ کی طرف سے آیا ہے۔ میرے پاس موجود ہے۔ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہوں۔ مولانا کو تو مسجد میں اذان دینی چاہیئے نہ کہ رائفل خریدنا چاہیئے۔

وزیر اعلیٰ :- جناب والا! اب بیچارے مولانا صاحب بھی مجبور ہو گئے ہیں کیونکہ ہر ایک کے پاس تو بندوق ہے۔ اس وجہ سے مولانا صاحب بھی بغیر بندوق کے نہیں رہنا چاہتے ھیں۔

حاجی محمد شاہ مردان زئی۔ جناب والا! یہ اسلحہ آپ کے زمانے میں بھی لوگوں کو دو دو دفعہ دیا گیا ہے ہر ضلع میں کلاشنکوف دیا گیا ہے۔ سوائے ژوب کے جبکہ ژوب کے کسی نہ ممبر صاحب کو اور نہ عوام کو دیا گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ :- اگر میں کسی کو اسلحہ دوں گا تو میں کسی سے پوشیدہ نہیں رکھوں گا اور میں کسی کو دوں گا تو کسی وجہ سے دوں گا اور قیمتاً دوں گا۔ پہلے کلاشنکوف کی قیمت دو یا تین ہزار روپے تھی۔ مگر اب میں نے جو اس کی قیمت مقرر کی ہے وہ بارہ ہزار روپے سے کم نہیں ہے۔

حاجی محمد شاہ مردان زئی۔ :- جناب والا! کئی ایسے افراد ہیں جن کو اسلحہ دیا گیا ہے۔ مگر ان کے لسٹ میں نام نہیں دئے گئے ہیں۔ نصیر باچا کو پستول دیا گیا۔ مگر ان کا یہاں نام نہیں ہے۔ اس طرح اور لوگوں کو بھی اسلحہ دیا گیا۔ مگر ان کا نام نہیں ہے۔

وزیر اعلیٰ :- جناب والا! یہ اس وقت کے نام ہیں۔ جب سوال پوچھا گیا تھا۔ ممکن ہے۔ نصیر باچا کو پستول دیا گیا ہو اور انہوں نے اس وقت مانگا ہو۔ یعنی اس سوال کے بعد ان کو پستول

دیا گیا ہو۔ مگر اب میں معزز ممبران سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ اسلحہ دینا چاہیئے یا نہیں دینا چاہیئے۔ میں تو اس حق میں ہوں کہ نہیں دینا چاہیئے۔ لیکن جناب والا۔ مجھ پر اتنا دباؤ ہوتا ہے جس کا میں ذکر نہیں کرنا چاہتا ہوں لہذا اگر ممبران کا اصرار یہی ہے تو کل سے میں اسلحہ دینا بند کر دوں گا۔

حاجی محمد شاہ مردانزئی۔ سوال یہ نہیں ہے کہ آپ اسلحہ دیں گے یا بند کر دیں گے۔ جناب والا! یہ اسلحہ تو کراچی کے لوگوں کو بھی دیا گیا ہے۔

حاجی محمد یوسف اچکزئی۔ جناب والا! یہ سوال جو پوچھا گیا ہے کہ اسلحہ ۱۹۸۶ء میں کن اشخاص کو دیا گیا ہے اور یہ اسلحہ حکومت نے دیا ہے۔ جناب والا! اس میں ایسے بھی اشخاص ہیں جن کو دو دو جیپیں دی گئی ہیں۔ بعض اشخاص کو دو دو کلاشنکوف دئے گئے ہیں اس کے علاوہ دو دو بندوقیں بھی دی گئی ہیں اور ان کے ساتھیوں کو بھی اسلحہ دیا گیا ہے۔ اس ساری لسٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ آیا یہ بغیر قیمت اسلحہ دیا گیا ہے یا قیمت کے ساتھ دیا گیا ہے اس لئے میں آپ کے توسط سے گذارش کروں گا کہ اس معاملہ کی چھان بین کرنے کے لئے تحقیق کرنے کے لئے ہاؤس کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے۔ وہ اس معاملہ کو دیکھے اور آئندہ کے لئے بھی ایک لائحہ عمل تیار کرے کہ کیسے یہ تقسیم ہو اور آئندہ کس کو دیا جائے یا نہ دیا جائے۔ اور جس کو پہلے ملا ہے آیا صحیح ملا یا غلط ملا ہے۔

وزیر اعلیٰ۔ جناب والا! جو سوال پوچھا گیا تھا اس کا جواب دیدیا گیا ہے۔ جس معزز رکن نے سوال پوچھا ہے شاید ان کو بھی اسلحہ ملا ہو۔ لیکن میں ان کو بتلانا چاہتا ہوں کہ جس دور کے متعلق یہ سوال پوچھا گیا ہے یہ ایک ایسا دور تھا جس کو آپ چیلنج نہیں کر سکتے ہیں۔ میرے وقت میں جن کو ملا ہے۔

آپ اس کے متعلق پوچھیں تو بتاؤں۔ کہ کس معزز ممبر کو ملا ہے۔ اور کس معزز ممبر کی سفارش پر یہ اسلحہ دیا گیا ہے۔ پھر آپ کو خود ہی اندازہ ہوگا کہ الف نے دیا ب نے دیا ج کو یہ اسلحہ دیا گیا۔

مسٹر اسپیکر:۔ جام صاحب یہ سوال گذشتہ دو سالوں کے متعلق پوچھا گیا تھا۔ آپ ان کو جواب دیدیں۔

وزیر اعلیٰ:۔ جناب والا! جو سوال پوچھا گیا تھا میں نے اس کی پوری تفصیل دیدی ہے جو پوچھا گیا تھا۔ اس کے مطابق جواب دیا ہے۔

حاجی محمد یوسف اچکزئی۔ جناب والا! یہ جو کہا جا رہا ہے کہ اسلحہ مارشل لاء کے دور میں دیا گیا ہے۔ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ یہ اسلحہ مارشل لاء کے دور میں دیا گیا تھا۔ جام صاحب کے دور کی یہ بات نہیں ہے۔ اس وقت۔ ان کے اختیار میں یہ بات نہیں تھی۔ لیکن اس لسٹ میں ابھی بھی ایسے ایم پی اے صاحبان ہیں جن کو اسلحہ دیا گیا ہے۔ مثلاً آبادان فریدون آبادان کو ایک کلاشنکوف ایک بندوق، مسٹر ارجن داس بگٹی کو ایک کلاشنکوف ایک رائفل اور دیگر افراد کو دو دو چیزیں دی گئی ہیں۔ یہ تو شریف آدمی ہیں ان کی کسی سے دشمنی نہیں ہے مسٹر آبادان کی یا مسٹر ارجن داس کی کسی سے کیا دشمنی ہے۔؟ یہ تو ہم لوگوں کو ملنا چاہیئے تھا۔ ہمارا کام تھا تاہم میں آپ سے گذارش کرونگا کہ ہاؤس کی ایک کمیٹی تشکیل دیدیں جو اس معاملہ کو دیکھے تو اچھا ہوگا۔

وزیر اعلیٰ۔ تقریر کا شکریہ۔ آپ اس کے لئے نیا سوال کریں۔ تو آپ کو جواب دیدیا جائے گا۔

مسٹر ارجن داس بگٹی۔ جناب اسپیکر! معزز ممبر اچکزئی صاحب نے میرا نام لیا ہے۔ اس

میں کوئی شک نہیں ہے اسلحہ کے آرڈر ضرور ہوئے ہیں مگر یہ اسلحہ مجھے ابھی تک نہیں ملا ہے۔ صرف نام دیا گیا ہے۔

سردار نثار علی۔ (ضمنی سوال) یہاں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ محمود اے ہارون وزیر داخلہ کو دیا گیا وہ مارشل لاء کے دور میں وزیر تو نہیں تھے۔ جس دور کا آپ ذکر کر رہے تھے اس وقت تو وزیر نہیں تھے۔

وزیر اعلیٰ۔ جب ان کا نام آیا ہے میں اس کے متعلق بتاؤں گا اس وقت بھی ایک سال کے قریب مارشل لاء رہا ہے یہ اسلحہ مارشل لاء کے دوران دیا گیا ہے آپ یہ مارشل لاء حکومت سے پوچھ سکتے ہیں۔

مسٹر اسپیکر۔ اگلا سوال۔

*** ٣٨١۔ حاجی محمد شاہ مردانزئی:۔**

کیا وزیر اعلیٰ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کاکڑ خراسان ضلع ژوب کا علاقہ ایک حساس بارڈر پر محیط ہے۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ وہاں پر لیویز کی موجودہ تعداد علاقے کی وسعت کی مناسبت سے نہایت ہی کم ہے اور افغان مہاجرین کی جانب سے پیدا کردہ سماج دشمن سرگرمیوں پر قابو پانے میں ناکام ہو چکی ہے۔

(ج) اگر جزو (الف) (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اس علاقے میں لیویز فورس میں اضافہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر نہیں تو وجہ بتلائی جائے۔

وزیر اعلیٰ :۔

(الف) یہ درست ہے کہ کاکڑ خراسان ضلع ژوب کا علاقہ ایک حساس باڈر پر محیط ہے۔

(ب) کاکڑ خراسان کی کل آبادی لگ بھگ ۲۹۳۲۰۔ نفوس پر مشتمل ہے اس علاقے میں لیویز کے مندرجہ ذیل تھانے واقع ہیں (۱) کاریز قمرالدین (۲) کشتو (۳) گڈ وانا۔

(۴) شغالو (۵) خوزہ۔

ان تھانوں میں لیویز کی تعداد تا حال ۹۸۔ ہے۔

(ج) حکومت کو موجودہ صورتحال کا پوری طرح سے احساس ہے۔ اور ضلع ژوب کے لئے لیویز کی مزید تعداد بڑھانے کا معاملہ پہلے ہی سے زیر غور ہے۔

نمبر۔ ۴۰۰ حاجی محمد شاہ مردانزئی۔

کیا وزیر اعلیٰ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کاکڑ خراسان ضلع ژوب ایک حساس باڈر پر محیط ایک وسیع و عریض علاقہ ہے۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ وہاں پر حکومت کی انتظامی ایجنسیاں کم ہونے کی وجہ سے اس علاقہ میں امن و امان کی بحالی وہاں کے عوام کے تعاون کے بغیر ناممکن ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست کہ ماضی میں مذکورہ علاقہ میں امن و امان بحال رکھنے کے لئے وہاں ویلیج ڈیفنس کے تحت سرکاری مال خانہ جات سے وہاں کے عوام کو اسلحہ جات فراہم کیا جاتا تھا۔

(د) اگر جزو (الف) و (ب) اور (ج) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت کاکڑ خراسان ژوب میں امن و امان کی بحالی کے لئے ماضی کی طرح عوام کو سرکاری اسلحہ جات فراہم کرنے کی تجویز پر غور کرے گی اگر نہیں تو وجہ بتلائی جائے۔

وزیر اعلیٰ۔

(الف) کاکڑ خراسان ضلع ژوب کا ایک وسیع و عریض سرحدی علاقہ ہے جس کی آبادی انتیس ہزار تین سو تیس (۲۹۳۳۰) نفوس پر مشتمل ہے۔

(ب) علاقہ کی آبادی کے لحاظ سے وہاں حکومت کی انتظامی ایجنسیاں مناسب تعداد میں موجود ہیں۔ علاقہ میں امن و امان بحال رکھنے کی خاطر پانچ لیویز تھانے قائم ہیں جو اٹھانوے (۹۸) نفری کے ساتھ اطمینان بخش طور پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ بہرحال اس امر سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ کہ کسی بھی علاقہ میں وہاں کے عوام کے تعاون کے بغیر مکمل طور پر امن و امان قائم نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت کو موجودہ صورتحال کا پوری طرح احساس ہے اور ضلع ژوب کے لئے لیویز کی تعداد مزید بڑھانے کا معاملہ پہلے سے زیر غور ہے۔

(ج) سنہ ۱۹۵۰-۵۱ء میں دیہی محافظ اسکیم کے تحت بلوچستان کے مختلف علاقوں کے لوگوں کو اسلحہ فراہم کیا تھا۔ اس میں سے مختلف بور کی ایک ہزار نو سو پچیس رائفلیں ضلع ژوب کے لئے مختص کی گئی تھی۔ جس میں کاکڑ خراسان بھی شامل ہے۔ اور فراہمی کا بنیادی مقصد وفادار قبائلیوں کو سرحد پار سے ہونے والی شرپسندوں کے مقابلہ میں موثر طور پر تیار کرنا تھا۔

(د) سنہ ۱۹۸۳ء میں صوبائی حکومت نے وفاقی وزارت داخلہ سے نو سو پچاس رائفلوں اور ستاسی ہزار پانچ سو کارتوس کی فراہمی کی درخواست کی تاکہ دیہی محافظ اسکیم کے تحت وفادار قبائلیوں میں تقسیم کیا جائے وفاقی حکومت نے طویل غور و خوض کے بعد اس تجویز سے اتفاق نہیں کیا۔ بہرحال دیہی محافظ اسکیم کے تحت اسلحہ کی تقسیم کی تجویز پر مناسب وقت پر غور کیا جائے گا۔

حاجی محمد شاہ مردانزئی۔ (ضمنی سوال) جناب والا! اگر اس وقت وہ وفادار تھے تو کیا اب وفادار نہیں ہیں۔ کہ دوبارہ انکو نہیں دے رہے۔

وزیر اعلیٰ۔ ہمیں یہ تسلیم ہے کہ ژوب کے لوگ بڑے وفادار ہیں۔ اس لئے ہم نے سفارش کی ہے کہ ایک ہزار کے قریب رائفلیں بغیر قیمت کے فراہم کی جائیں۔ ہم نے اس سلسلے میں وفاقی حکومت یعنی حکومت پاکستان سے رجوع کیا ہے جوں ہی اس کیس پر غور کیا جائے گا۔ انشاءاللہ اس پر عملدر آمد کیا جائے گا۔

مسٹر اسپیکر۔ اگلا سوال ملک محمد یوسف اچکزئی صاحب کا ہے۔

⁂ ۳۸۴۔ ملک محمد یوسف اچکزئی۔

کیا وزیر اعلیٰ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بلوچستان میں ایکٹ قیدیاں ۱۸۹۴ء اور ایکٹ ۱۹۰۰ء تا حال نافذ العمل ہے۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت پنجاب نے بھی ۱۹۵۵ء میں اپنے رولز بنائے اور انہی رولز کو ۱۹۷۵ء میں پاکستان رولز (زیر دفعہ ۵۹۔ آف ایکٹ قیدیاں ۱۸۹۴ء) نافذ کیا گیا۔ اور ان رولز پر اب تک عملدر آمد ہو رہا ہے۔

(ج) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو صوبہ بلوچستان میں انگریزوں کے وقت کے قوانین پر عملدر آمد کرنے کی کیا وجوہات ہیں۔ جبکہ دیگر صوبوں نے اپنے نام سے مذکورہ رولز نافذ کر دیئے ہیں

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ بلوچستان میں نافذ ایکٹ قیدیاں موجودہ جمہوری دور کے جدید تقاضوں کے ہم آہنگ نہیں ہے اور قیدیوں کے ساتھ صحیح برتاؤ جس میں خوراک وغیرہ بھی شامل ہے۔ نہیں کیا جاتا ہے۔

(ر) کیا حکومت جیلوں میں قیدیوں کی موجودہ بدحالی کے سدباب کے پیش نظر ملک کے دیگر تینوں صوبوں کی طرح اپنا صوبائی قانون موسوم " بلوچستان قیدی ایکٹ"، وضع کرنے کی تجویز پر غور کرے گی۔ جسمیں قیدیوں کو جائز مراعات دی جائیں اگر نہیں تو وجہ بتلائی جائے۔

وزیراعلیٰ

(الف) یہ درست ہے کہ جیل خانہ جات ایکٹ ۱۸۹۴ء اور قیدیاں ایکٹ ۱۹۰۰ء پاکستان میں بشمول صوبہ بلوچستان لاگو ہے۔

(ب) جہاں تک معلوم ہوا ہے درست ہے۔

(ج) صوبہ بلوچستان میں پاکستان جیل خانہ جات رولز ۱۹۷۵ء جو کہ حکومت پاکستان نے دفعہ ۵۹ جیل خانہ جات ایکٹ ۱۸۹۴ء کے تحت بنائے ہیں کو بذریعہ نوٹیفیکشن نمبری ایس۔ او (پریزن) ۲۰/(۱۶)/۸۱۔ مورخہ یکم مارچ ۱۹۸۳ء اختیار کیا گیا ہے۔ اور انہی رولز کے مطابق عمل درآمد کیا جاتا ہے۔

(د) جیسا کہ جزو (ج) میں کہا گیا ہے۔ صوبہ بلوچستان کے جیلوں میں پاکستان جیل خانہ جات رولز ۱۹۷۵ء مورخہ یکم مارچ ۱۹۸۳ء سے لاگو ہیں۔ اور انہی رولز کے مطابق قیدیوں کے ساتھ برتاؤ جسمیں خوراک وغیرہ بھی شامل ہے کیا جاتا ہے۔

(ر) جیسا کہ جزو (ج) و (د) میں کہا گیا ہے کہ صوبہ بلوچستان میں پاکستان جیل خانہ جات رولز ۱۹۷۵ء لاگو ہیں۔ جو کہ دوسرے صوبوں نے اپنے صوبوں کے نام سے وضع کئے ہیں۔ یہ رولز تمام صوبوں کے جیل خانہ جات اور قیدیوں کے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھ کر بنائے گئے ہیں۔ لہٰذا علیحدہ بلوچستان قیدیاں ایکٹ وضع کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ کیونکہ ان قواعد کو سابقہ انگریزی قواعد سے بدرجہا بہتر سمجھا گیا ہے۔ جس کی بناء پر قیدیوں کی اصلاح ہو سکتی ہے

ملک محمد یوسف اچکزئی۔ جناب اسپیکر! جام صاحب نے پچھلی دفعہ بھی یقین دہانی کرائی تھی۔ جیل کے حالات ان کو پتہ ہیں ہمارے جیل پرانے قوانین کے تحت چل رہے ہیں اس وقت پوزیشن یہ ہے کہ کوئٹہ جیل میں تین سو انتیس قیدیوں کو رکھنے کی گنجائش ہے۔ جبکہ اس میں پانچ سو اور چھ سو قیدی رکھے جاتے ہیں۔ بلکہ بعض اوقات تو سات سو بھی رکھے جاتے ہیں۔ اس وقت ہمارے پاس وہاں ایک اے کلاس ہے اور ایک بی کلاس قیدیوں کے لئے ہے۔ ان میں معزز قیدی رکھے جاتے ہیں۔ پچاس پچپن گرام گائے گا گوشت ہفتے میں دو مرتبہ ملتا ہے اور دو روٹیاں دی جاتی ہیں۔ میری گذارش ہے کہ برائے مہربانی جیل کے حالات پر توجہ دیں۔ اگر ممکن ہو تو اس کے لئے صوبائی سطح پر قوانین بنائے جائیں۔ تاکہ قیدیوں کو سہولت ہو اور وہ انسانوں جیسے زندگی گذار سکیں۔ نیز وہاں پر ٹریننگ کا انتظام ہونا چاہیئے۔ اسکول ہوں۔ اب اس وقت وہاں ڈاکٹر نہیں رہتا۔ ضرورت پڑنے پر بازار سے ڈاکٹر لایا جاتا ہے۔ جب ایمرجنسی کیس ہو جائے تو وہاں اسٹاف اور ایمبولینس دستیاب نہیں۔ جام صاحب کمیٹی کے انچارج ہیں۔ لہذا براہ مہربانی جیلوں کی دیکھ بھال کے لئے گنجائش پیدا کریں۔ یہ ہمارا ناجائز مطالبہ نہیں ہے۔

وزیر اعلیٰ۔ میں آپ کی تقریر کے لئے مشکور ہوں۔ اس ضمن میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی تجویز بڑی معقول ہے اگر اسمبلی کے ممبران چاہیں گے تو مجھے اعتراض نہیں لیکن واضح کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس وقت پوری توجہ ڈیولپمنٹ کی طرف دی جا رہی ہے۔ نان ڈویلپمنٹ کی طرف نہیں دی جا رہی ہے۔ اگر ممبران اسمبلی ڈویلپمنٹ میں کٹ کرنا چاہیں گے۔ تو ان کی تجویز پر بہت غور کیا جائے گا۔ تاکہ اچھی سے اچھی اور بہتر جیل بنائی جا سکے۔ اس لئے کہ اگر کسی کو کوئی مشکلات پیش آئی ہیں ان کا ازالہ ہو سکے۔

مسٹر اسپیکر: اگلا سوال مسٹر نصیر احمد باچا صاحب کا ہے۔

*۴۰۵۔ مسٹر نصیر احمد باچا:

کیا وزیر اعلیٰ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چمن کے چاروں طرف ملیشیا کی متعدد چیک پوسٹیں قائم کی گئی ہیں

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ چمن سے تیس کلومیٹر دور شیلا باغ کے قریب ملیشیا نے ایک بیئرئیر لگایا ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ ملیشیا کی ان چیک پوسٹوں نے چمن شہر تک ضروریات زندگی کی پاکستانی اشیاء پر بھی پابندی عائد کی ہے۔ جس کی وجہ سے چمن کے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

(د) اگر جزو (الف) و (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا وجہ ہے کہ ملیشیا کی اتنی چیک پوسٹوں کی موجودگی کے باوجود تخریب کار صوبہ میں داخل ہونے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ نیز کیا حکومت تخریب کاری کی موثر روک تھام اور ملیشیا کی موجودگی سے چمن کے پرامن شہریوں کو درپیش مشکلات سے نجات دلانے کے پیش نظر ملیشیا کو اہم سرحدی راستوں پر تعینات کرنے کی تجویز پر غور کرے گی۔

وزیر اعلیٰ

(الف) یہ درست ہے کہ چمن کے باہر کچھ اضافی چوکیاں ملیشیا فورس نے سرحد کے ساتھ ساتھ قائم کی ہیں۔

(ب) یہ درست نہیں ہے کہ شیلا باغ کے قریب کوئی مستقل بیریئر یا چیک پوسٹ موجود ہے

تاہم سمگلنگ کے بارے میں معلومات کے بنیاد پر اکثر اسلحہ اور دیگر اشیاء کے لئے بذریعہ موبائیل اور پیادہ گشت چمن کو جانے اور آنے والے راستوں پر چیکنگ کی جاتی ہے

(ج) ملیشیا فورس نے پاکستانی اشیاء کی چمن جانے پر کوئی پابندی عائد نہیں کی تاہم کچھ ایسی اشیاء ہیں جو زیادہ مقدار بغیر منظوری / راہداری کے لئے جائی جاتی ہیں ۔ اس لئے حکومت بلوچستان کی ہدایات کے مطابق جو کہ وقتاً فوقتاً ضلعی انتظامیہ جاری کرتی ہے ۔ ضروریات زندگی ۔ مثلاً گندم ، آٹا ، چینی ، گھی کو سختی سے چیک کیا جاتا ہے تاکہ یہ اشیاء سرحد پار سمگل نہ ہونے پائے ۔

(د) جیسا کہ جزو (الف) و (ب) میں وضاحت کی گئی ہے ۔ ان قائم کردہ چیک پوسٹوں کے باعث ملیشیا فورس کو بارڈر تک چیکنگ کے سلسلے میں کافی حد تک کامیابی ہوئی ہے تاہم افغانستان کے ساتھ ہماری وسیع سرحد واقع ہونے کے باعث اور محدود چیک پوسٹوں کی وجہ سے تخریب کاروں کے داخلے کو مکمل طور پر بند کرنا اور روکنا آسان نہیں ہے ۔ اگر کوئی ایسی تجویز جو کہ شہریوں کی مشکلات کے حل کے لئے موثر اور فائدہ مند ہوئیں تو گورنمنٹ اُن پر ضرور غور کرے گی ۔

مسٹر نصیر احمد باچا ۔ (ضمنی سوال) جناب اسپیکر ! جام صاحب نے پہلے سوال کا جواب دیا کہ درست ہے جس سے خوشی ہوئی ۔ جب دوسرے سوال کا جواب ملا کہ درست نہیں ہے تو افسوس ہوا ۔ جناب والا ! میں کبھی بھی غلط سوال پیش نہیں کرتا لیکن مجھے غلط جواب ملا ہے ۔ کہ وہاں ملیشیا چیک پوسٹ نہیں ہے ۔ اگر جام صاحب فارغ ہوں تو ملاحظہ کریں ۔ اور وہاں دیکھیں ورنہ نوشیروانی صاحب کو جو آج یہاں نظر نہیں آرہے بھیجیں تاکہ وہاں صورت حال دیکھ کر جام صاحب کو صحیح رپورٹ پیش کریں ۔

جناب سپیکر! جہاں تک جام صاحب نے فرمایا ہے کہ متعلق ممبر تجویز پیش کریں تو میں تجویز پیش کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں دیہاتوں کے قریب چیک پوسٹ نہ رکھیں اور ان کو بارڈر کے قریب لے جائیں۔ اس طرح انشاءاللہ ملک میں تخریب کار داخل نہیں ہو سکیں گے۔

وزیراعلیٰ۔ جناب والا! ابھی معزز رکن نے کہا کہ پہلے سوال کے جواب سے خوشی ہوئی ہے لیکن وہ دوسرے سوال کے جواب سے رنجیدہ ہوئے۔ جناب والا میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ضرورت کے تحت کسی جگہ پر چیک پوسٹ بنائی جاتی ہے۔ ممکن ہے جہاں آج آپ کو چیک پوسٹ نظر نہیں آتی۔ وہیں کل آپ کو نظر آ جائے۔

مسٹر نصیر احمد باچا۔ جناب والا! وہاں ملیشیا والوں نے کمرے بنا لیئے ہیں۔ اگر عارضی طور پر ہوتا میں یہ سوال پیش نہ کرتا۔ مجھے صحیح جواب دیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر اسپیکر! نصیر باچا صاحب آپ بیٹھ جائیں۔ جام صاحب جواب دے رہے ہیں

وزیراعلیٰ۔ آپ میری بات سنیں جیسا میں بتا رہا تھا کہ یہ فرض محال آپ کو آج ایک چیک پوسٹ نظر آتی ہے تو ممکن ہے کل اسی جگہ پر وہ چیک پوسٹ نہ دیکھیں گے۔ لہذا صورت حال اور ایمرجینس کے تحت چوکیاں قائم کی جاتی ہیں۔ میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حکومت کا مقصد کبھی بھی عوام کو ہراساں کرنا نہیں ہے۔ لیکن کچھ نہ کچھ ایسی باتیں ہوتی ہیں، کہ کچھ کڑوی گولیاں نگلنی پڑتی ہیں۔ یہ ضرور تلخ ہوتی ہیں۔ مثلاً راشن ہے اور دیگر چیزیں ہیں اس کی صحیح تحقیقات نہیں کی جائے گی۔ تو ممکن ہے آپ کی ضرورت

پر بھی زد پڑے۔ اس لئے یہ کوشش کی جاتی ہے۔ جہاں تک چمن کا علاقہ ہے تو ہم چاہتے ہیں۔ کہ وہاں جتنا بھی چاہے کوئی گھی کھائے لیکن یہ نہیں ہو سکتا۔ کہ گھی آٹا وغیرہ اس بار چلا جائے۔ آپ نے خود کہا ہے کہ تخریب کار آتے ہیں، تخریب کاروں کو اس ملک میں آنے سے اس صورت میں بچایا جا سکتا ہے۔ جناب والا! تخریب کار ہمیشہ سیدھے راستے سے نہیں آتا وہ ہمیشہ ٹیڑھے راستے سے آیا کرتا ہے اور پھر کہیں نہ کہیں پناہ لینے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر گاؤں کے رہنے والے یہ تہیہ کرلیں کہ کسی تخریب کار کو پناہ نہیں دیں گے۔ تو انشاءاللہ یہ تخریب کار اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔

میں باچا صاحب کو اپنی طرف سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں وہ محب وطن پاکستانی ہیں۔ انشاءاللہ ان کے تعاون سے تخریب کار اس پاکستان میں اس بلوچستان میں داخل ہونے میں کامیاب نہیں ہوں گے۔

مسٹر نصیر احمد خان باچا :۔ جناب والا! اگر آپ آج یہ چیک پوسٹ ختم کر دیں تو ہمارے علاقے کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا۔ کیونکہ اس کے نزدیک سو گز کے فاصلے پر لیویز چیک پوسٹ بھی موجود ہے پہلے ہماری بسیں چمن سے کوئٹہ پانچ چھ گھنٹے میں پہنچتے ہیں۔ اس سے دیر ہوتی ہے۔ ہماری بہت سی مشکلات ہیں۔ اگر جناب والا آپ اسے ہٹادیں تو یہ آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔

وزیر اعلیٰ :۔ جناب والا! میں اپنے ہر ممبر کی مشکلات کو جانتا ہوں۔ ہم ان کے لئے مشکلات پیدا نہیں کریں گے۔ آپ اس کے لئے ہمیں تحریری طور پر لکھ دیں۔ کہ یہ چیک پوسٹ ہٹانے سے کوئی انتظامی مشکلات تو نہیں پیدا ہوں گی۔ تو میں آپ کی تجویز سے اتفاق کروں گا۔

مسٹر اسپیکر:۔ جام صاحب نے آپ کو اس کے لئے تجویز دے دی ہے۔ آپ اس سلسلے میں ان سے ان کے دفتر میں مل لیں۔

مسٹر نصیر احمد باچا:۔ جناب والا! چیمبر میں تو وہ عبدالکریم نوشیروانی سے فارغ نہیں ہوتے ہیں۔ (قہقہہ)

مسٹر اسپیکر:۔ اگلا سوال۔

*۔ ۴۰۷۔ مسٹر نصیر احمد باچا

کیا وزیر اعلیٰ ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چمن سب جیل انگریزوں کے زمانے کی قدیم جیل ہے لیکن گذشتہ ۲۵ سالوں سے اس کی مرمت وغیرہ کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے جس کی وجہ سے قیدی انتہائی زبوں حالی کی حالت میں دن گذار رہے ہیں۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اس جیل کی مرمت وغیرہ کا فوری اقدام کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

وزیر اعلیٰ۔

(الف) چمن میں جس کو سب جیل کہا گیا ہے ایک جوڈیشنل لاک اپ ہے جو کہ ضلعی انتظامیہ کے تحت ہے اور اس کی نگہداشت و مرمت وغیرہ ضلعی انتظامیہ محکمہ مواصلات و تعمیرات سے کروائی ہے۔

(ب) حکومت بلوچستان نے اس سال جوڈیشنل لاک اَپ چمن کے لئے مالی سال رواں ۱۹۸۶ء - ۸۷ میں مبلغ دو لاکھ روپے مختص کئے ہیں۔ اور جلد ہی مذکورہ لاک اَپ کی لازمہ مرمت کروائی جائے گی۔ جس کے لئے ناظم جیل خانہ جات و محکمہ مواصلات و تعمیرات و ضلعی انتظامیہ کو لکھا جا چکا ہے۔

وزیراعلیٰ۔ جناب والا! اس سوال کے جواب سے میں خود مطمئن نہیں ہوں اگر ہمارے علاقے چمن کی جوڈیشنل لاک اَپ کو دیکھا جائے تو وہ بڑی مایوس کن ہے اس میں بڑی تبدیلی کی ضرورت ہے اور اس کے لئے سرمایہ کی ضرورت ہے اور جیسا کہ میں پہلے اپنے بھائی یوسف اچکزئی صاحب کے جواب میں کہہ چکا ہوں۔ اگر ہمارے معزز ممبر پی۔ڈی۔ڈبلیو۔پیمنٹ پر کم توجہ دیں اور پیسے بچائیں تو وہاں پر اس رقم سے ایک جوڈیشنل لاک اَپ تعمیر کی جا سکتی ہے۔

مسٹر اسپیکر۔ جام صاحب ایوان کے ممبران میں سے آپ ایک کمیٹی بنائیں۔ جو تمام جیل خانہ جات کا معائنہ کرے۔

وزیراعلیٰ۔ جناب والا! میں اس کے لئے عرض کرتا ہوں کہ تمام ممبران اسمبلی کو بالکل یہ استحقاق حاصل ہے کہ وہ جس وقت چاہے کسی بھی جیل کا معائنہ کر سکتا ہے۔ وہ معائنہ کر کے اپنی تجاویز مجھے پیش کریں۔ ہم ان کی تجاویز کو لبیک کہیں گے۔ اور ان پر عمل کریں گے۔

مسٹر نصیر احمد باچا۔ جناب والا! میرا اصل سوال تو یہ ہے کہ چمن جیل کی گذشتہ پچیس سال سے مرمت نہیں ہوئی اور جام صاحب نے بتایا ہے کہ ۸۶ء ۸۷ء میں اس کے لئے دو لاکھ روپے رکھ دیئے گئے ہیں۔ باقی پچیس سال کے پیسے کدھر گئے۔ اگر جام صاحب وعدہ کریں کہ گذشتہ پچیس سال کے بھی فنڈز دے دیں گے۔

وزیر اعلیٰ۔ جناب والا! پچیس سال تو گذر گئے ہیں۔ یہ پچیس سال تو واپس نہیں آسکتے ہیں۔ لیکن میں کوشش کروں گا کہ اس پچیس سال کی کمی پوری کر دوں۔ مجھے بڑی خوشی ہوتی ہے کہ میں آپ کے سوالوں کے جواب دوں۔

مسٹر نصیر احمد باچا شکریہ

مسٹر اسپیکر اگلا سوال۔

٭۔ ۴۰۸ مسٹر نصیر احمد باچا۔

کیا وزیر اعلیٰ از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ جون ۱۹۸۵ء میں چمن شہر پر افغان فوجوں کی بلا اشتعال گولہ باری کے نتیجے میں شہیدوں کے لواحقین کو معاوضہ کی ادائیگی کر دی گئی ہے لیکن زخمی افراد تاحال معاوضے کی رقم سے محروم ہیں۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو زخمیوں کو تاحال معاوضہ کی ادائیگی نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں۔ تفصیل دی جائے۔

وزیراعلیٰ ۔ مورخہ ۲۲، جون ۱۹۸۵ء کو چمن شہر پر افغان فوجوں کی بلا اشتعال گولہ باری سے (۳) تین شہری شہید ہوئے جبکہ (۴) چار شہری زخمی ہوئے تھے۔ حکومت بلوچستان نے تین شہداء کے لواحقین کو مبلغ ۲۵،۰۰۰ روپے (پچیس ہزار روپے) فی کس اور چار زخمیوں کو مبلغ ۵،۰۰۰ روپے (پانچ ہزار روپے) فی کس کے حساب سے کل رقم مبلغ ۹۵،۰۰۰ ہزار روپے بذریعہ مقامی انتظامیہ بروقت ادا کر دی تھی۔

مسٹر نصیر احمد پاچا ۔ میں جام صاحب کا بے حد مشکور ہوں۔ اب تک ۸۵ء کے دوران جو بمباری ہوئی ہے۔ ان کے زخمیوں اور شہیدوں کو تو معاوضہ ملا ہے لیکن جو دکانات تباہ ہوئے ان کو معاوضہ نہیں ملا ہے اور اس کے بعد مارچ ۸۶ء میں جو بمباری ہوئی اس کے ایک آدمی شہید کو تو معاوضہ ملا ہے جبکہ آٹھ زخمیوں کو پیسے نہیں ملے ہیں مجھے دکھ تو اس بات کا ہے کہ گولیاں تو ہمارے لوگ کھاتے ہیں جبکہ پیسے دوسرے لوگ کھاتے ہیں

وزیراعلیٰ جس طرح سے سوال پوچھا گیا تھا اس کا جواب دے دیا گیا ہے۔ میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں جو گولیاں کھاتے ہیں مجاہد بھی وہی ہوتے ہیں ان کو پیسہ ملنا چاہیے تو میں اس کی تحقیقات کروں گا بغیر گولی کھائے ہوئے کو پیسہ کیوں ملا ہے۔

مسٹر نفیر احمد باچا اس کا معاوضہ زخمیوں کو بالکل نہیں ملا ہے میں نے صدر ضیاء الحق صاحب سے بھی بات کی تھی میں نے ان کو زخمیوں کی لسٹ بھی دی تھی مگر ابھی تک کچھ نہیں ہوا ہے۔

وزیر اعلیٰ سوال آپ نے ۸۵ء کے متعلق پوچھا ہے میں نے اس کا جواب دے دیا ہے

مسٹر نصیر احمد باچا لیکن میں نے ۸۶ء کے متعلق بھی پوچھا ہے اور اس کے متعلق آپ نے چمن میں وعدہ بھی کیا تھا۔

وزیر اعلیٰ جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ جو وعدہ کیا ہے وہ نبھائیں گے وعدہ کر کے کون انکار کر سکتا ہے۔

مسٹر نصیر احمد باچا جناب والا جو وعدہ کیا ہے نبھانا پڑے گا صرف نام بادشاہ سے گذارہ نہیں ہو سکتا ہے۔

وزیر اعلیٰ جناب والا! ۸۵ء کے متعلق انہوں نے سوال کیا تھا میں نے اس کا جواب دے دیا ہے مزید اس کے لیئے دیکھیں گے کہ کیا ہو سکتا ہے۔

مسٹر اسپیکر جام صاحب اس کی تحقیقات کریں گے اور آپ کو بتا دیں گے۔

وزیر اعلیٰ جناب میں اس کی ضرور تحقیقات کروں گا لیکن انہوں نے کہا ہے کہ زخمیوں کو اور گولی کھانے والے کو پیسہ نہیں ملا ہے میں اس کی ضرور تحقیقات کروں گا۔

مسٹر نصیر احمد باچا جنہوں نے گولی نہیں کھائی ان کو پیسہ ملا ہے جو افسران ہیں وہ پیسے اپنے پاس رکھتے ہیں آپ اس کی تحقیقات کریں اور ذمہ دار لوگوں سے پوچھیں کیوں معاوضہ اب تک نہیں دیا ہے۔

وزیر اعلیٰ ہم نے اس کے لئے ضرور پیسے بھیجے ہوں گے۔

مسٹر نصیر احمد باچا چمن کوئی دور نہیں ہے پیسے ابھی تک نہیں پہنچے ہیں۔

مسٹر اسپیکر آپ اپنے سوال کے متعلق ضمنی سوال کریں۔

وزیر اعلیٰ جیسا کہ وہ چاہتے ہیں کہ اب تک زخمیوں کو پیسے نہیں ملے ہیں ہم اس کی ضرور تحقیقات کریں گے۔

مسٹر نصیر احمد باچا ایسا نہیں ہے آپ وعدہ کریں

مسٹر اسپیکر دے دیں گے دے دیں گے۔

مسٹر نصیر احمد باچا جناب والا! زخمیوں کو پیسے نہیں ملے ہیں۔ وہ ہر وقت جام صاحب کے پاس تو نہیں آ سکتے ہیں ایک عرصہ گذر گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ ——— ہمارے معزز رکن صاحب نے جو بات کی ہے میں ان کا مشکور ہوں انہوں نے صرف اپنی بات نہیں کی ہے اب بھی وہ ٹھیک بات کر رہے ہیں۔ زخمیوں کی بات کر رہے ہیں انشاء اللہ ہم ان زخمیوں کے زخموں پر ضرور مرہم رکھیں گے۔

مسٹر نصیر احمد باچا ——— شکریہ۔

مسٹر اسپیکر ——— اب سیکرٹری اسمبلی صاحب اعلان فرمائیں گے۔

اعلانات

مسٹر اختر حسین خان، سیکرٹری اسمبلی

میر عبدالکریم نوشیروانی صاحب نے درخواست دی ہے کہ آج مجھے ضروری کام ہے شام کے اجلاس میں حاضر نہیں ہو سکتا مجھے اجلاس سے رخصت دی جائے۔

مسٹر اسپیکر ——— سوال یہ ہے کہ رخصت دی جائے

(رخصت منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی ——— مسٹر صالح محمد بھوتانی صاحب نے درخواست دی ہے کہ آج مورخہ ۱۱ مارچ ۸۷ء کے اجلاس میں شریک نہیں ہو سکتے ہیں آج کی رخصت اور بقایا تمام اجلاس میں شرکت نہیں کر سکتے ہیں رخصت عنایت کی جائے۔

مسٹر اسپیکر سوال یہ ہے کہ رخصت دی جائے (رخصت منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی سردار میر چاکر خان نے درخواست دی ہے کہ میں آج کے اجلاس میں شریک نہیں ہوسکتا آج ۱۱ ر مارچ شام کے اجلاس سے رخصت دی جائے

مسٹر اسپیکر سوال یہ ہے کہ رخصت دی جائے (رخصت منظور کی گئی)

تحریک التوا

مسٹر اسپیکر:۔ میر ذوالفقار علی مگسی نے تحریک التواء کا نوٹس دیا ہے۔ وہ اپنی تحریک پیش کریں۔

میر ذوالفقار علی مگسی:۔ جناب اسپیکر! آپ کی اجازت سے میں تحریک التواء پیش کرتا ہوں کہ مورخہ ۲ر مارچ ۸۷ء نوائے وقت میں مس پری گل صاحبہ نے خبر دی ہے۔ کہ بلوچستان میں نواب سردار اور وڈیرے تعلیم حاصل کرنے میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں" لہذا اسمبلی کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

مسٹر اسپیکر:۔ تحریک التواء یہ ہے کہ۔

بلوچستان میں نواب سردار اور وڈیرے تعلیم حاصل کرنے میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں لہذا اسمبلی کی کارروائی روک کر بحث کی جائے۔

مسٹر اسپیکر آپ وضاحت فرمائیں گے۔

میر ذوالفقار علی مگسی جناب والا: میرے پاس اس اخبار کی کٹنگ موجود ہے وہ میں آپ کو پیش کر سکتا ہوں اگر آپ کی اجازت ہو تو میں اس کو پڑھ دیتا ہوں جناب والا خبر یہ ہے کہ

"بلوچستان میں تعلیم کی راہ میں سردار جاگیردار اور وڈیرے اور سرمایہ دار اپنی مفادات کی خاطر رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ (مِس پری گل)

"بلوچستان کی وزیر تعلیم مِس پری گل آغا نے مصطفےٰ آباد کے ایک سکول کا دورہ کیا اور سکول میں مختلف کلاسوں کے دوران انہوں نے طلباء اور طالبات سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سالمیت اور استحکام کے لئے دن رات کام کرنا چاہیئے۔ اس موقعہ پر وزیر خوراک سردار دستی، راحت عزیز، اور جناب جاوید نے بھی خطاب کیا۔ اس موقعہ پر مِس پری گل آغا نے کہا ہے۔ ہمیں تعلیم کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ بلوچستان میں تعلیم کی راہ میں سردار جاگیردار وڈیرے اور رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ میں آپ سے گذارش کرتا ہوں کہ آپ اس تحریک کو ملتوی کر دیں۔ اس میں کئی قانون پہلو ہیں۔ ان کا جائزہ لیا جائے گا۔ میں اس وقت اس تحریک کے تکنیکی پہلوں میں نہیں جانا چاہتا ہے کیا اس تحریک التواء کے پیش کرنے سے کسی کا استحقاق بھی مجروح ہوا ہے۔ کیا سردار وڈیرے یا دونوں کا استحقاق مجروح ہوا ہے اور بعد میں یہ بھی پتہ چل سکے گا۔ کہ وزیر تعلیم نے یہ بیان دیا ہے یا نہیں دیا۔ وہ بھی بعد میں اس کی وضاحت کر سکیں گی۔ کہ آیا انہوں نے کوئی بیان دیا ہے یا نہیں۔

آغا عبدالظاہر۔ جناب اسپیکر! اس تحریک استحقاق کو کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے۔

مسٹر اسپیکر۔ یہ تحریک استحقاق نہیں ہے۔ تحریک التوا ہے۔ جو کمیٹی کے سپرد نہیں کی جا سکتی۔ اب وہ یہ ہاؤس کی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ اب یا بعد میں اس پر بحث کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

میر ذوالفقار علی مگسی۔ جناب اسپیکر! اگر مس پری گل جواب دے رہی ہیں۔ اور وہ کھڑی ہوئی ہیں تو ان کو جواب دینے کی اجازت دیں۔ آپ اس کو ملتوی نہ کریں۔

مسٹر اسپیکر! اب قائد ایوان صاحب نے کہہ دیا ہے کہ اس کو ۱۴ر مارچ تک ملتوی کر دیا جائے۔ پھر وہ اس کے قانونی اور تکنیکی پہلوؤں کو بھی دیکھ لیں گے۔ لہذا یہ تحریک التوا ۱۴ر مارچ کو زیر غور لائی جائے گی۔

مسٹر اسپیکر۔ اب مسز فضیلہ عالیانی کی جانب سے پیش کی گئی تحریک استحقاق کی بابت مجلس برائے قواعد و انضباط کار و استحقاقات کی نظر ثانی شدہ رپورٹ پر غور ہوگا۔ جسے چیئرمین کمیٹی نے ہاؤس میں پیش کیا تھا۔

سردار دینار خان کرد۔ جناب والا! یہ تحریک استحقاق پہلے ایوان میں پیش ہوئی تھی۔ آپ نے اس تحریک استحقاق کو کمیٹی کے سپرد کر دیا تھا۔ کمیٹی نے اس معاملے میں انکوائری کی بعد میں کمیٹی نے اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کی۔ پھر دوبارہ اس تحریک استحقاق کو جائزہ لینے کے لئے کمیٹی کے

سُپرد کیا گیا۔ دوبارہ کمیٹی نے اس پر غور خوض کیا۔ اور کمیٹی نے اپنے پہلے والے فیصلہ کو بحال رکھا اب یہ معاملہ تیسری یا چوتھی دفعہ ایوان میں پیش ہو رہا ہے۔ ہمارا پہلے سے یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ مسز فضیلہ عالیانی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

مسٹر اسپیکر۔ کیا اس معاملے میں تمام ممبران اسمبلی کو اتفاق ہے کہ مسز فضیلہ عالیانی کا استحقاق مجروح ہوا ہے جن کو اتفاق ہے وہ کھڑے ہو جائیں۔

(اس موقع پر چھ معزز ممبر کھڑے ہوئے)

وزیر اعلیٰ۔ جناب والا! میں اس موقع پر گذارش کرتا ہوں کہ تحریک استحقاق ایوان میں پیش ہوئی ہے۔ یہ ایک ممبر کے استحقاق سے متعلق ہے اس کا جائزہ لینا ہے کہ آیا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ میں ہاؤس کے ممبران کے ساتھ آپ سے بھی گذارش کردوں گا کہ آپ اس کو آئندہ نشست کے لئے یعنی ۱۴ر مارچ تک ملتوی کردیں۔ تاکہ ممبران اسمبلی ایک مکمل رائے کے ساتھ پیش ہو سکیں۔

مسٹر اسپیکر۔ اس تحریک کو بھی ۱۴ر مارچ تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

” صوبہ میں ترقیاتی سرگرمیوں پر بحث “

مسٹر اسپیکر:۔ اب جو معزز ممبر ایوان میں ترقیاتی رپورٹ پر بحث کرنا چاہتے ہیں۔ اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں۔ یا اس کو بھی ملتوی کرنا ہے؟

وزیر اعلیٰ :- جناب اسپیکر! اگر ممبران اسمبلی اس پر تقریر نہیں کرنا چاہتے ہیں تو میں ان کی طرف سے ترقیاتی پروگرام پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں۔ میں اس معزز ایوان میں ہر معزز ایم پی اے کی اسکیموں کے متعلق تفصیل پیش کروں گا کہ ہر رکن نے کتنی اسکیموں کی نشان دہی کی ان کی اسکیمیں کہاں تک مکمل ہوئی ہیں۔ کتنی باقی ہیں۔ کیا کیا رُکاوٹیں ہیں۔ پیسے ریلیز ہوئے ہیں یا رُکے ہوئے ہیں۔

جناب والا! معزز ایوان کی اطلاع کے لئے ہی نہیں۔ بلکہ پورے بلوچستان کے عوام کے لئے میں یہ تفصیل پیش کروں گا۔ تاکہ واضح ہو سکے اس عوامی حکومت کو اپنے عوام کا کسقدر خیال ہے۔ لہذا آپ کی اجازت سے اپوزیشن اراکین کی اسکیموں سے تفصیل شروع کر دوں گا۔ اور ان کی ترقیاتی اسکیموں پر روشنی ڈالوں گا۔ میں آپ کی خدمت میں بلڈوزر ہاورز، آبپاشی اور آب نوشی کی اسکیموں کی تفصیل پیش کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! میں ایوان میں اپنے دو سالوں کے دوران ہونے والی ترقیاتی اسکیموں اور ایک لاکھ اسی ہزار، ایک کروڑ بیس لاکھ یا تیس لاکھ کی تفصیل بھی پیش کر دوں گا۔ کیونکہ کہا جاتا ہے کہ بلوچستان میں کچھ بھی نہیں ہوا۔ لہذا میں پہلے اپوزیشن اراکین کی اسکیموں پر روشنی ڈالوں گا۔

جناب اسپیکر! میں چاہتا ہوں کہ بلوچستان اسمبلی کے جتنے ممبران ہیں ان میں سے جس معزز ممبر نے لگن کے ساتھ اچھا اور بہتر کام کیا ہے آئندہ ان کو گولڈ میڈل دیا جائے۔ جس معزز ممبر اسمبلی کی اسکیمیں بہتر اور اچھی ہوں گی۔ ان کو گولڈ میڈل دیا جائے گا۔ (تالیاں)

ملک محمد یوسف اچکزئی جناب والا! ترقیاتی معاملے میں ہم سب بولنا چاہتے ہیں۔ میں خود بھی تقریر کرنا چاہتا ہوں کہ جو فنڈز ملے میں ہم نے اس میں کیا کچھ کیا ہے اور اسے کہاں کہاں استعمال کیا ہے اور عوام کے فائدہ کے لئے آئندہ ہم نے کیا کچھ کرنا ہے۔ لیکن آج ہی